نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

لاہور: 17فروری 2017(   ) محکمہ زراعت پنجاب نے کاشتکاروں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ کماد کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے 100 تا120 من بیج فی ایکڑ استعمال کریں اور بیج کا انتخاب ایسے کھیتوں سے کریں جو صحت منداور بیماریوں سے پاک ہوں۔مونڈھی فصل سے بیج حاصل نہ کریں۔ بیج کاٹنے سے پہلے گنے کی آنکھوں کے صحت مند ہونے کی تصدیق کرلیں اور بیج کے لئے کاٹے گئے ٹکڑوں پر کم ازکم 3 سے 4 آنکھیں ضرور ہونی چاہیں۔کماد کی کاشت کے لئے صرف محکمہ کی منظور شدہ اور علاقائی لحاظ سے موزوں اقسام کا انتخاب کریں۔ گنے کی بڈز (آنکھوں) کو زخمی ہونے بچانے کے لئے درانتی یا پلچھی کا استعمال نہ کریں اور کھوری ہاتھوں سے اتاریں،نقل وحمل کے دوران بھی احتیاط کریں۔بہتر ہے بیج کو کھیت میں لاکر ہی چھیلیں، بیج کے لئے گنے کے اوضر والا حصہ استعمال کریں۔ بیج تیار کرنے کے بعد بوائی میں تاخیر نہ کریں اور بیج کو پھپھوندی کش زہر کے محلول میں 3 سے 5 منٹ تک بھگو کر کاشت کریں۔ بیج کے لئے گنے کی کٹائی شوگر کی نائف/ٹوے سے کریں۔

☆☆☆